MCB
Bank for Life

MCB Bank Limited

# ایم سی بی بینک لمیٹڈ
## پراڈکٹ کی اہم معلومات کا بیان
## پرسنل لون

| | | | |
|---|---|---|---|
| A۔ آپ کی مالیاتی ضرورت: | | | |
| پراڈکٹ کا نام | ذاتی قرض | | |
| رقم | ________/- روپے | | |
| فنانس کی مدت | 48 ماہ | | |
| مارک اپ کی قسم (مستقل/متغیر) | متغیر | | |
| مارک اپ کی قسم | مستقل/متغیر | | |
| B۔ اس فنانسنگ کے تخمینہ اخراجات: | | | |
| آپ سے کتنا مارک اپ (مستقل/متغیر) وصول کیا جائے گا؟* | رقم | ریٹ | |
| | ڈیکلائننگ پرنسپل کی بنیاد پر، جیسا کہ ادائیگی کے بعد کے شیڈول کے کالم نمبر (11) میں درج ہے۔ عارضی رقم ادائیگی سے پہلے کے شیڈول میں موجود ہے۔ | ماہانہ ریٹ | - |
| | ڈیکلائننگ پرنسپل کی بنیاد پر، جیسا کہ ادائیگی کے بعد کے شیڈول کے کالم نمبر (11) میں درج ہے۔ عارضی رقم ادائیگی سے پہلے کے شیڈول میں موجود ہے۔ | سالانہ ریٹ | - |
| | * یہ رقم عارضی ہے اور اس کا انحصار ادائیگی کی اصل تاریخ پر ہے۔ | | |
| آپ کو مزید کون سے چارجز ادا کرنے ہوں گے؟ | آپ کو چھ ہزار روپے یا قرض کی رقم کا ایک اشاریہ پانچ فیصد، ان میں سے جو بھی زیادہ ہو، ادا کرنا ہوں گے۔ (بشمول FED) | | |
| ماہانہ قسط کی واجب الادا رقم کیا ہوگی؟ | ________/- روپے<br>* یہ رقم عارضی ہے اور اس کا انحصار ادائیگی کی اصل تاریخ پر ہے۔ | | |
| آپ فنانسنگ کے لیے کل کتنی رقم ادا کریں گے؟ | ________/- روپے<br>* یہ رقم عارضی ہے اور اس کا انحصار ادائیگی کی اصل تاریخ پر ہے۔ | | |
| C۔ قبل از وقت ادائیگی: | | | |
| کیا آپ مدت مکمل ہونے سے پہلے فنانس کی واپسی کر سکتے ہیں؟ | جی ہاں، آپ شیڈول آف بینک چارجز کے مطابق قبل از وقت ادائیگی کے چارجز ادا کر کے فنانس واپس کر سکتے ہیں۔<br>لاک ان پیریڈ (پابندی کی مدت) قرض کی مدت کے برابر ہے۔ | | |
| آپ مدت مکمل ہونے سے پہلے فنانس کی واپسی کیسے کر سکتے ہیں؟ | مالی واجبات کی قبل از وقت ریٹائرمنٹ کے طریقہ کار کی مختصر وضاحت کریں۔<br>A) آپ کسی بھی واک ان سینٹر پر جا کر یا اپنے اصل سیلز آفیسر کے ذریعے بینک سے رجوع کر سکتے ہیں۔<br>B) جزوی ادائیگی کی صورت میں، آپ کو قبل از وقت ادائیگی کا ایک فارم بھرنا ہوگا جس میں وہ رقم درج ہوگی جو آپ پہلے ادا کرنا چاہتے ہیں۔<br>C) مکمل ادائیگی کی صورت میں، آپ کو ایک سیٹلمنٹ شیٹ فراہم کی جائے گی جس میں متوقع چارجز درج ہوں گے۔<br>D) آپ سے قبل از وقت ادائیگی کے چارجز کے ساتھ اصل رقم جمع کروانے کا کہا جائے گا۔<br>E) سات ایام کار کے اندر آپ کی اصل رقم کو ایڈجسٹ کر دیا جائے گا اور بینک ایڈجسٹ شدہ رقم کے ساتھ ادائیگی کا نیا شیڈول جاری کرے گا۔<br>F) مکمل ادائیگی کی صورت میں، بقیہ رقم، قبل از وقت ادائیگی کے چارجز، واجب الادا مارک اپ اور لیٹ پیمنٹ فیس (اگر لاگو ہو) کی وصولی کے پندرہ دن کے اندر بینک این او سی (عدم اعتراض سرٹیفکیٹ) جاری کر دے گا | | |
| کیا آپ کو فنانس کی وقت سے پہلے ادائیگی یا قبل از وقت ریٹائرمنٹ پر کوئی اضافی رقم یا چارجز ادا کرنے ہوں گے؟ | اگر صارف فنانس کی رقم وقت سے پہلے ادا کرتا ہے، تو اسے درج ذیل شیڈول کے مطابق قبل از وقت ادائیگی کے چارجز ادا کرنے ہوں گے:<br>پہلے سال کے دوران: قبل از وقت ادا کی گئی اصل رقم کا 10% تک<br>دوسرے اور تیسرے سال کے دوران: قبل از وقت ادا کی گئی اصل رقم کا 6% تک<br>چوتھے اور بعد کے سالوں کے دوران: قبل از وقت ادا کی گئی اصل رقم کا 5% تک | | |

MCB
Bank for Life

# ایم سی بی بینک لمیٹڈ
# پراڈکٹ کی اہم معلومات کا بیان
# پرسنل لون

MCB Bank Limited

| | |
|---|---|
| D- ادائیگی میں تاخیر یا عدم ادائیگی سے متعلق معلومات: | |
| اگر آپ اپنی واجبات/ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام رہتے ہیں تو اس کے کیا نتائج ہوں گے؟ | اگر آپ اپنی واجب الادا اقساط وقت پر ادا کرنے میں ناکام رہتے ہیں، تو آپ کو ایک خط ارسال کیا جائے گا جس میں آپ کی بقیہ رقم کی ادائیگی اور اس پر لاگو ہونے والے لیٹ پیمنٹ چارجز کے بارے میں مطلع کیا جائے گا جو کہ قابلِ ادائیگی ہوں گے۔ مزید برآں، ادائیگیوں میں تاخیر کا ڈیٹا حاصل کر کے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے زیرِ انتظام مرکزی ڈیٹا کے ساتھ شیئر کیا جاتا ہے۔ ادائیگیوں میں بار بار تاخیر آپ کی کریڈٹ ہسٹری کو متاثر کرتی ہے، جس کی وجہ سے پاکستان کا کوئی بھی مالیاتی ادارہ مستقبل میں آپ کو قرض کی سہولت دینے سے انکار کر سکتا ہے۔ بینک قرض کی وصولی کے لیے قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ |
| بروقت ادائیگی نہ کرنے کی صورت میں آپ پر کتنا جرمانہ عائد ہوگا؟ | اگر آپ قسط کی ادائیگی وقت پر نہیں کرتے، تو آپ کو ہر تاخیر شدہ قسط پر 1,250 روپے لیٹ پیمنٹ فیس (تاخیرانہ چارجز) ادا کرنی ہوگی۔ |
| کیا بینک یا مائیکروفنانس بینک منہائی/ سیٹ آف کا حق استعمال کر سکتا ہے؟ | ایم سی بی بینک کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ صارف کے ڈپازٹ اکاؤنٹس (جمع شدہ کھاتوں) میں موجود کسی بھی کریڈٹ بیلنس کو فنانسنگ اکاؤنٹس (قرضہ جات کے کھاتوں) کے کسی بھی بقایا بیلنس کے بدلے منہا کر سکے۔ |
| E- دیگر اہم معلومات: | |
| قرض لینے والے کی وفات کی صورت میں کیا ہوگا؟ | وفات کی صورت میں، متوفی کے قانونی ورثاء یا اس کا ترکہ/ جائیداد قرض دار کی تمام تر ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے پابند ہوں گے۔ |
| ضامن کی ذمہ داریاں کیا ہیں؟ | پرسنل لون میں کسی ضامن کی ضرورت نہیں ہوتی۔ |
| آپ کو کون سی دستاویزات/ کاغذات فراہم کیے جائیں گے؟ | درخواست فارم<br>منظوری کی اطلاع/ سینکشن ایڈوائس<br>ادائیگی کا شیڈول۔ قبل از ادائیگی قرض<br>قرض کی ادائیگی کا خط اور ادائیگی قرض کے بعد کا شیڈول |
| آپ مدد اور شکایت کے لیے کہاں رجوع کر سکتے ہیں؟ | آپ شکایت درج کروانے کے لیے ہمارے کال سینٹر نمبر 622-000-111 پر کال کر سکتے ہیں۔ اپنی شکایت کے اندراج کے لیے آپ کسی بھی کسٹمر واک اِن سینٹر کا دورہ کر سکتے ہیں، ہماری ویب سائٹ www.mcb.com.pk پر جا سکتے ہیں، یا ہمیں info@mcb.com.pk پر ای میل بھی کر سکتے ہیں۔ |
| عدم ادائیگی، واجب الادا رقم یا ادائیگی میں تاخیر کی صورت میں، آپ کی ای-سی آئی بی رپورٹنگ پر کیا اثر پڑے گا؟ | عدم ادائیگی، واجب الادا رقم، ادائیگی میں تاخیر، یا قرض کی معافی کی صورت میں، ای-سی آئی بی رپورٹ میں منفی کریڈٹ ہسٹری ظاہر ہوگی، جو مستقبل میں قرض لینے والے کی ساکھ کو بری طرح متاثر کر سکتی ہے۔ |
| ______________ | ______________ |
| صارف کے دستخط اور تاریخ | مجاز بینکر کے دستخط |